© rasailojaraid.com



میں برطانوی حکومت کو مشورہ دیتے ہوئے جن خیالات کا اظہار کیا ہے اور انتقالِ اختیارات کی جو اسکیم بنائی ہے ان میں سے متعدد باتیں ایسی ہیں جن پر حکومت آج کل خود چل رہی ہے۔ کتاب کا مطالعہ سیاسی اور افادی لحاظ سے بہت دلچسپ اور معلومات افزا ہوگا۔

**سازِ نو** از رضوی خیرآبادی صاحب تقطیع خورد ضخامت ۱۶۹ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپئے پتہ:۔ مشہور پبلشنگ ہاؤس دہلی۔

رضوی صاحب نوجوان شاعر ہیں۔ غزل اور نظم کے علاوہ گیت بھی لکھتے ہیں لیکن اُن کا تغزل بالکل قدیم رنگ میں ڈوبا ہوا ہے۔ خیرآباد سے تعلق رکھنے کی وجہ سے حضرت ریاض خیرآبادی مرحوم کی بامحاورہ اور دلکش زبان میں شعر کہتے ہیں انھوں نے اگرچہ خود کہا ہے۔

بزم آرائیاں کیسی کہ گیا دورِ غزل میکدے بند کرو توڑ دو پیمانوں کو

لیکن زیرِ نظر مجموعۂ کلام جو غزلوں، نظموں اور گیتوں سب پر مشتمل ہے اُس کے دیکھنے کے بعد ہماری رائے یہی ہے کہ رضوی صاحب بہ نسبت نظم کے غزل اور گیت میں زیادہ کامیاب ہیں۔

**اسلام کے مشہور سپہ سالار حصہ اول** از جناب عبدالواحد صاحب سندھی تقطیع خورد حجم ۲۴۸ کتابت وطباعت بہتر قیمت ؏ پتہ: بک ڈپو انجمن ترقی اردو۔ اردو بازار دہلی۔

اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور سات صحابۂ کرام کے وہ خاص خاص واقعاتِ زندگی بیان کئے گئے ہیں جو جہاد اور شجاعت سے تعلق رکھتے ہیں۔ مصنف بچوں کے لئے دلچسپ اور آسان اردو لکھنے میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ یوں تو اس کا مطالعہ ہر ایک کے لئے ہی عبرت وبصیرت کا سبب ہوگا۔ البتہ بچوں کو ایسی کتابوں کا پڑھانا ان میں خاص طور سے اسلامی شجاعت اور بہادری پیدا کرنے کا باعث ہو سکتا ہے امید ہے لائق مصنف کی دوسری کتابوں کی طرح یہ کتاب بھی عام طور پر مقبول اور بچوں کے لئے خاص طور پر مفید ثابت ہوگی۔



© rasailojaraid.com